سوال

(868) کیاوتروں کی دوسری رکعت کے بعد تشہد ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نمازِوتر کے دوران دوسری رکعت میں عام نمازوں کی طرح تشہد پڑھنا چاہیے یاکہ نہیں نیزاس میں دعاے قنوت پڑھنے کا طریقہ بھی بیان کریں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

وتروں کی دوسری رکعت میں تشہد نہیں، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وتروں میں مغرب کی مشابہت سے منع فرمایا ہے۔''دعاے قنوت ''تیسری رکعت میں رکوع سے پہلے پڑھی جائے، تواَولی ہے اور رفع یدین کرنے کا اختیار ہے۔ بطورِنص نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے رفع یدین ثابت نہیں۔ البتہ صحابہ رضی اللہ عنھم کے اقوال میں ثبوت ملتا ہے۔ ملاحظہ ہو:(قیام اللیل)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ:صفحہ:738

محدث فتویٰ